2
روزنامہ راشٹریہ سہارا
حیدرآباد۔10/جون 2020ء، چہارشنبہ

## لاک ڈاؤن کے دوران متاثرین میں انسانیت کی بنیاد پر صفا بیت المال انڈیا کی مثالی خدمات پر ایوارڈ




اوشکار فاؤنڈیشن انڈیا وفد نے مولانا غیاث احمد رشادی صدر صفا بیت المال انڈیا سے ملاقات کرتے ہوئے اور لاک ڈاؤن کے دوران متاثرین میں انسانیت کی بنیاد پر صفا بیت المال انڈیا نے جو مثالی خدمات انجام دیں، ان خدمات کو سراہا اور مولانا کی شال پوشی کی اور مومنٹو اور سرٹیفکیٹ پیش کر کے تہنیت پیش کی۔ واضح رہے کہ صفا بیت المال نے انسانیت کی بنیاد پر لاک ڈاؤن متاثرین میں نمایاں خدمات انجام دیں۔ تیرہ ہزار خاندانوں میں ایک کروڑ 25 لاکھ روپئے مالیتی راشن تقسیم کیا گیا۔ اس موقع پر اعظم علی، اکاونٹ کے علاوہ اسٹاف ممبران موجود تھے۔ مجید روشن نے صفا بیت المال کے جمیع ٹرسٹیان اور مخلص و محنتی عملہ کی خدمات میں مبارکباد پیش کی۔

# اردو یونیورسٹی ریگولر کورسس داخلے کی تاریخ میں 20/جون تک توسیع

## انٹرنس کے ذریعہ بی ٹیک، ایم بی اے، بی ایڈ اور پالی ٹیکنیک میں داخلے کا موقع

حیدرآباد۔ (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے تعلیمی سال 2020-21 کیلئے مرکزی کیمپس حیدرآباد اور دیگر سٹیلائٹ کیمپسوں لکھنو و سری نگر کے علاوہ مختلف ریاستوں میں موجود کالجس آف ٹیچر ایجوکیشن (سی ٹی ایز) اور پالی ٹیکنیکس کیلئے ریگولر کورسس میں آن لائن داخلے جاری ہیں۔ انٹرنس کی اساس پر داخلے کے کورسز درخواست داخل کرنے کی آخری تاریخ میں 20/جون تک توسیع کی گئی ہے جبکہ میرٹ کی بنیاد پر داخلوں کی آخری تاریخ 10/اگست ہے۔ پروفیسر ایم ونا جا، ڈائرکٹر نظامت داخلہ کے بموجب درخواست گذاروں اور اولیائے طلبہ کی نمائندگی پر یہ توسیع کی گئی ہے۔ انٹرنس ٹسٹ شیڈیول کے مطابق 4 اور 5/جولائی کو ہی منعقد ہوں گے۔ اردو میڈیم میں اعلیٰ تعلیم فراہم کرنے والی ملک کی یہ واحد جامعہ ہے۔ یونیورسٹی میں گذشتہ سال ہیڈکوارٹر میں بیچلر آف ووکیشنل کورسس کے تحت میڈیکل امیجنگ ٹکنالوجی اور میڈیکل لیبارٹری ٹکنالوجی کے دو نئے کورسس متعارف کئے گئے تھے جن میں داخلہ میرٹ کی بنیاد پر دیا جارہا ہے۔ انٹرنس کے ذریعہ داخلہ دئے جانے والے کورسز میں پی ایچ ڈی اردو، انگریزی، ہندی، عربی، فارسی، مطالعات ترجمہ؛ مطالعات نسواں، نظم و نسق عامہ، سیاسیات، سوشل ورک، اسلامک اسٹڈیز، تاریخ، معاشیات، سماجیات؛ تعلیم؛ صحافت و ترسیل عامہ؛ مینجمنٹ، کامرس؛ ریاضی، طبیعات، کیمیا، نباتیات، حیوانیات؛ کمپیوٹر سائنس، ایس ای آئی پی شامل ہیں۔ ان کے علاوہ دیگر انٹرنس کی اساس کے کورسز میں پوسٹ گریجویٹ پروگرامس میں ایم بی اے؛ ایم سی اے، ایم ٹیک (کمپیوٹر سائنس) اور ایم ایڈ؛ انڈر گریجویٹ پروگرامس (بی ایڈ اور بی ٹیک (کمپیوٹر سائنس) اور پیشہ ورانہ ڈپلوما ایلمنٹری ایجوکیشن (ڈی ایل ایڈ) و نیز پالی ٹیکنک کورسس سیول انجینئرنگ، کمپیوٹر سائنس انجینئرنگ، الیکٹرانکس اینڈ کمیونی کیشن انجینئرنگ اور انفارمیشن ٹکنالوجی، میکانیکل، الیکٹریکل و الیکٹرانکس انجینئرنگ شامل ہیں۔ تمام کورسس کا ذریعہ تعلیم اور امتحان صرف اردو ہے۔ پروفیسر ایم ونا جا کے مطابق پوسٹ گریجویٹ پروگرام (اردو، انگریزی، ہندی، عربی، مطالعات ترجمہ، فارسی: مطالعات نسواں، نظم و نسق عامہ، سیاسیات، سوشل ورک، اسلامک اسٹڈیز، تاریخ، معاشیات، سماجیات؛ صحافت و ترسیل عامہ؛ ایم کام اور ایم ایس سی، ریاضی)؛ انڈر گریجویٹ پروگرامس میں بی اے، بی اے (آنرس)۔ جے ایم سی، بی کام، بی ایس سی (ریاضی، طبیعات، کیمیا۔ ایم پی سی)، بی ایس سی (ریاضی، طبیعات، کمپیوٹر سائنس، ایم پی سی ایس) اور بی ایس سی (حیاتی علوم۔ زیڈ بی سی)؛ بیچلر آف ووکیشنل کورسس کے تحت میڈیکل امیجنگ ٹکنالوجی (ایم آئی ٹی) اور میڈیکل لیبارٹری ٹکنالوجی (ایم ایل ٹی)؛ مدارس کے فارغ طلبہ کیلئے برائے داخلہ انڈر گریجویٹ (بی کام/بی ایس سی) اور پالی ٹیکنک پروگرامس کیلئے برج (رابطہ) کورسز شامل ہیں۔ علاوہ ازیں لیٹرل انٹری کے تحت بی ٹیک اور پالی ٹیکنیک میں اہل طلبہ کو راست داخلے دئے جائیں گے۔ پی جی ڈپلوما ان ریٹیل مینجمنٹ اور جز وقتی ڈپلوما پروگراموں میں اردو، ہندی، عربی، فارسی اور اسلامک اسٹڈیز، تحسین غزل و اردو میں سرٹیفکیٹ کورس بھی دستیاب ہیں۔ لکھنؤ کیمپس میں اردو، فارسی، انگریزی اور عربی کے بی اے، ایم اے اور پی ایچ ڈی پروگرام دستیاب ہیں۔ سری نگر کیمپس میں معاشیات، اسلامک اسٹڈیز، اردو اور انگریزی کا ایم اے اور اردو، انگریزی اور اسلامک اسٹڈیز کا پی ایچ ڈی پروگرام؛ کالجس آف ٹیچر ایجوکیشن بھوپال (مدھیہ پردیش)، دربھنگہ (بہار) میں بی ایڈ، ایم ایڈ اور پی ایچ ڈی ان ایجوکیشن؛ کالجس آف ٹیچر ایجوکیشن آسنسول (مغربی بنگال)، اورنگ آباد (مہاراشٹرا)، سنبھل (اترپردیش)، نوح (ہریانہ) اور بیدر (کرناٹک) میں بی ایڈ دستیاب ہے۔ پالی ٹیکنیک کورسز میں سیول انجینئرنگ؛ کمپیوٹر سائنس انجینئرنگ، الیکٹرانکس اینڈ کمیونی کیشن انجینئرنگ کے ڈپلوما دربھنگہ۔ بہار اور بنگلورو۔ کرناٹک میں دستیاب ہیں۔ جبکہ سیول انجینئرنگ، میکانیکل انجینئرنگ، الیکٹریکل اور الیکٹرانکس انجینئرنگ، کڑپہ۔ آندھرا پردیش اور کٹک۔ اڈیشہ میں دستیاب رہیں گے۔ تمام درخواست گزاروں کیلئے لازمی ہے کہ وہ کم از کم دسویں/بارہویں میں اردو میڈیم سے تعلیم حاصل کر چکے ہوں یا بحیثیت زبان یا مضمون، اردو کامیاب ہوں یا مصرحہ مدرسوں سے فارغ ہوں جن کا ذریعہ تعلیم اردو ہو۔ تمام پروگراموں کا ذریعہ تعلیم اردو ہے۔ تمام پروگراموں میں داخلے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی حیدرآباد کیمپس میں بھی دستیاب ہیں۔ درخواستیں یونیورسٹی ویب سائٹ manuu.edu.in پر صرف آن لائن ہی قبول کی جائیں گی۔ تفصیلات یا کسی وضاحت کیلئے نظامت داخلہ کو admissionsregular@manuu.edu.in پر ای میل کریں۔ ایس سی/ایس ٹی/او بی سی/معذور/ای ڈبلیو ایس امیدواروں کے مختلف پروگراموں میں داخلے کیلئے تحفظات حکومت ہند کے ضوابط کے مطابق رہیں گے۔ یونیورسٹی میں ہاسٹل کی محدود گنجائش فراہم ہے۔

# اردو یونیورسٹی میں داخلے' آخری تاریخ میں 20/ جون تک توسیع

## انٹرنس کے ذریعہ بی ٹیک، ایم بی اے، بی ایڈ اور پالی ٹیکنیک میں داخلے کا موقع

حیدرآباد۔9 جون (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے تعلیمی سال 21-2020 کے لیے مرکزی کیمپس حیدرآباد اور دیگر سٹیلائٹ کیمپسوں لکھنو و سرینگر کے علاوہ مختلف ریاستوں میں موجود کالجس آف ٹیچر ایجوکیشن (سی ٹی ایز) اور پالی ٹیکنیکس کے لیے ریگولر کورسس میں آن لائن داخلے جاری ہیں۔ انٹرنس کی اساس پر داخلے کے کورسز درخواست داخل کرنے کی آخری تاریخ میں 20/ جون تک توسیع کی گئی ہے جبکہ میرٹ کی بنیاد پر داخلوں کی آخری تاریخ 10/ اگست ہے۔ پروفیسر ایم وناجا، ڈائرکٹر نظامت داخلہ کے بموجب درخواست گذاروں اور اولیائے طلبہ کی نمائندگی پر یہ توسیع کی گئی ہے۔ انٹرنس ٹسٹ شیڈول کے مطابق 4 اور 5/ جولائی کو ہی منعقد ہوں گے۔ اردو میڈیم میں اعلیٰ تعلیم فراہم کرنے والی ملک کی یہ واحد جامعہ ہے۔ یونیورسٹی میں گذشتہ سال ہیڈکوارٹر میں بیچلر آف ووکیشنل کورسس کے تحت میڈیکل امیجنگ ٹکنالوجی اور میڈیکل لیباریٹری ٹکنالوجی کے دو نئے کورسس متعارف کئے گئے تھے جن میں داخلہ میرٹ کی بنیاد پر دیا جارہا ہے۔ انٹرنس کے ذریعہ داخلہ دئے جانے والے کورسز میں پی ایچ ڈی اردو، انگریزی، ہندی، عربی، فارسی، مطالعات ترجمہ؛ مطالعات نسواں، نظم و نسق عامہ، سیاسیات، سوشل ورک، اسلامک اسٹڈیز، تاریخ، معاشیات، سماجیات؛ تعلیم؛ صحافت و ترسیل عامہ؛ مینجمنٹ، کامرس؛ ریاضی، طبیعات، کیمیا، نباتیات، حیوانیات؛ کمپیوٹر سائنس، ایس ای آئی پی شامل ہیں۔ ان کے علاوہ دیگر انٹرنس کی اساس کے کورسز میں پوسٹ گریجویٹ پروگرامس میں ایم بی اے' ایم سی اے، ایم ٹیک (کمپیوٹر سائنس) اور ایم ایڈ' انڈر گریجویٹ پروگرامس (بی ایڈ اور بی ٹیک (کمپیوٹر سائنس)) اور پیشہ ورانہ ڈپلوما ایلمنٹری ایجوکیشن (ڈی ایل ایڈ) و نیز پالی ٹیکنک کورسس سیول انجینئرنگ، کمپیوٹر سائنس انجینئرنگ، الیکٹرانکس اینڈ کمیونی کیشن انجینئرنگ اور انفارمیشن ٹکنالوجی، میکانیکل، الیکٹریکل و الیکٹرانکس انجینئرنگ شامل ہیں۔ تمام کورسس کا ذریعہ تعلیم اور امتحان صرف اردو ہے۔ درخواستیں یونیورسٹی ویب سائٹ manuu.edu.in پر صرف آن لائن ہی قبول کی جائیں گی۔ تفصیلات یا کسی وضاحت کے لیے نظامت داخلہ کو admissionsregular@manuu.edu.in پر ای میل کریں۔ ایس سی/ ایس ٹی/ او بی سی/ معذور/ ای ڈبلیو ایس امیدواروں کے مختلف پروگراموں میں داخلے کیلئے تحفظات حکومت ہند کے ضوابط کے مطابق رہیں گے۔ یونیورسٹی میں ہاسٹل کی محدود گنجائش دستیاب ہے۔